BML

بینک مکرمہ
Bank Makramah Ltd.

| | | |
|---|---|---|
| .11 | مجوزہ نئے حصص ہر لحاظ سے کمپنی کے موجودہ اسی نوعیت اور اسی طبقے کے حصص کے ساتھ برابر حقوق (pari passu) کے حامل ہوں گے۔ اگر مجوزہ نئے حصص کسی بھی اعتبار سے جاری شدہ عام حصص سے مختلف ہوں، تو بورڈ کے فیصلے میں ان اختلافات کی تفصیلی وضاحت کرنا لازم ہوگا۔ | مجوزہ نئے حصص ہر لحاظ سے بینک کے موجودہ عام حصص کے ساتھ برابر حقوق (pari passu) کے حامل ہوں گے۔ |
| .12 | بورڈ کے فیصلے سے قبل گزشتہ تین ماہ کے دوران حصص کی اوسط مارکیٹ قیمت اور تازہ ترین دستیاب مارکیٹ قیمت | فی حصص اوسط مارکیٹ قیمت: -/72.09<br>یہ قیمت فروری 2026ء کے مہینے کی اوسط قیمت کی بنیاد پر ہے۔ گزشتہ تین ماہ کی اوسط مارکیٹ قیمت قابلِ اطلاق نہیں ہے، کیونکہ 31 جنوری 2026ء کو اسلام آباد ہائی کورٹ کی جانب سے اسکیم آف ارینجمنٹ کی توثیق کے بعد بینک کا شیئر کیپٹل کم کر دیا گیا تھا۔ |
| .13 | جہاں حصص نقد کے علاوہ کسی اور عوض (غیر نقد) کے بدلے جاری کیے جائیں، وہاں غیر نقد اثاثوں، خدمات یا غیر محسوس اثاثوں کی قدر کا تعین کسی ویلیوایٹر کے ذریعے کیا جانا لازم ہے | قابلِ اطلاق نہیں |

جاری کیے جانے والے حصص ہر لحاظ سے بینک کے موجودہ عام حصص کے ساتھ برابر درجہ (pari passu) رکھتے ہوں گے۔ حقوق بنیاد کے علاوہ حصص کے اجرا کی منظوری سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) سے مشروط ہوگی۔

درج بالا مجوزہ معاملہ جس کے لیے اراکین کی منظوری بطور خصوصی قرارداد درکار ہے، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش/منظوری کا حامل ہے۔

**ڈائریکٹرز کی دلچسپی:**

بینک کے ڈائریکٹرز کی مذکورہ بالا خصوصی امور میں بلاواسطہ یا بالواسطہ کوئی ذاتی دلچسپی نہیں ہے جس کے لیے اُن کے معاوضے کی حد میں توسیع کے علاوہ مزید کسی انکشاف کی ضرورت ہو۔

**نوٹس:**

(i) ایک ممبر جو اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل ہو وہ کسی اور ممبر کو اپنا/اپنی پروکسی مقرر کر سکتا/سکتی ہے جسے اجلاس میں شرکت، بولنے اور ووٹ ڈالنے کے اُتنے ہی اختیار حاصل ہوں گے جتنے ایک ممبر کو حاصل ہوتے ہیں۔

(ii) اکاؤنٹ ہولڈرز، سب اکاؤنٹ ہولڈرز، پروکسی یا نامزد کو اپنا اصل قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنے/اپنی شناخت کی تصدیق کروانی ہوگی اور اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا فولیو نمبر ہمراہ لانا ہوگا۔

(iii) پروکسی فارم کے مؤثر ہونے کیلئے ضروری ہے کہ وہ ہمارے رجسٹرار میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ 2، ڈی ایچ اے، فیز VII، کراچی کو مناسب طور پر مہر لگی ہوئی، دستخط شدہ اور دو افراد کی گواہی کے ساتھ جن کے نام، پتے اور CNIC نمبرز فارم پر درج ہوں اجلاس سے زیادہ سے زیادہ 48 گھنٹے قبل وصول ہو جائیں۔

(iv) انفرادی صورت میں بینیفیشل آنرز اور پروکسی کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول بھی پروکسی فارم کے ساتھ فراہم کرنا ہوں گی۔

(v) کاروباری ادارے کی صورت میں پروکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ، نامزد شخص کے دستخط کے نمونے کے ساتھ اور پروکسی کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقل بھی جمع کروانی ہوگی۔

# پروکسی فارم

## بیسواں سالانہ اجلاسِ عام

کمپنی سیکریٹری
بینک مکرمہ لمیٹڈ
مرکزی دفتر
لیول-11، پلاٹ نمبر G-2، بلاک-2،
کلفٹن، کراچی

میں/ہم .................................. ولد/زوجہ .................................. بینک مکرمہ لمیٹڈ کا ممبر(ز) ہونے کے ناتے .................................. اعزازی شیئرز کا/کی حامل بمطابق رجسٹر فولیو نمبر/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر .................................. بذریعہ ہٰذا محترم/محترمہ .................................. کا تقرر کرتا/کرتی ہوں جن کا مکمل پتہ .................................. جن کا مکمل پتہ .................................. ہے یا محترم/محترمہ .................................. ہے کا تقرر کرتا/کرتی ہوں۔ میرے/ہمارے پروکسی کو 25 مارچ 2026ء کو منعقد ہونے والے بیسویں سالانہ اجلاس عام یا کسی التوا کی صورت میں میری/ہماری جانب سے شرکت کرنے، عمل کرنے اور مجھے/ہمیں ووٹ ڈالنے کی اجازت دی جائے۔

دستخط از .................................. مورخہ ..................................2026ء

**گواہان:**

| 1. | | 2. | |
|---|---|---|---|
| نام: | .................................. | نام: | .................................. |
| پتہ: | .................................. | پتہ: | .................................. |
| CNIC نمبر: | .................................. | CNIC نمبر: | .................................. |
| دستخط: | .................................. | دستخط: | .................................. |

-/5 روپے کے ریونیو اسٹیمپ پر دستخط



Full Page Size: 22 cm x 8 col